احمدی احباب کی تعلیم و تربیت کے لئے

سوموار 13۔اپریل 2015ء

روزنامہ
1913ء سے جاری شدہ
FR-10

الفضل

The ALFAZL Daily
ٹیلی فون نمبر 047-6213029
web: http://www.alfazl.org
email: editor@alfazl.org
ایڈیٹر : عبدالسمیع خان

سوموار 13۔اپریل 2015ء 23 جمادی الثانی 1436 ہجری 13 شہادت 1394 ھش جلد 65-100 نمبر 84

حسن وجمال یار

ایسے خدا کے خوف سے دل کیسے پاک ہو
سینہ میں اس کے عشق سے کیونکر تپاک ہو

بن دیکھے کس طرح کسی مہ رخ پہ آئے دل
کیونکر کوئی خیالی صنم سے لگائے دل

دیدار گر نہیں ہے تو گفتار ہی سہی
حسن و جمال یار کے آثار ہی سہی

(درثمین)

ارشادات عالیہ حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ

''ایک حدیث میں آتا ہے کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا کہ باجماعت اکیلے نماز پڑھنے سے ستائیس گنا افضل ہے۔

(صحیح مسلم کتاب الصلوٰۃ باب فضل صلوٰۃ الجماعۃ)

یعنی اس کا ثواب ستائیس گنا زیادہ ہے۔ایک احمدی جس کا یہ دعویٰ ہے کہ میں نے حضرت مسیح موعود کو مانا اور آپ کو مان کر اپنے آپ کو دوسروں سے ممتاز کیا ہے۔اس کی شان کے خلاف ہے کہ دنیا کی مصروفیتیں یا کام یا اور اس قسم کے بہانے اسے نماز کے لئے (بیت) میں آنے سے روکیں۔احمدی کی شان یہی ہے کہ ہر دنیاوی مجبوری کو پس پشت ڈال دے، پیچھے پھینک دے۔دنیا کی کوئی دلچسپی اس کی باجماعت نمازوں میں روک نہ بنے۔'' (خطبات مسرور جلد 3 صفحہ 657)

''نماز ایک ایسی بنیادی چیز ہے جس کے بغیر مومن مومن نہیں کہلا سکتا ہے۔اور پھر یہ کہ نماز پڑھنی کس طرح ہے سنوار کر ادا کرنی ہے نماز کو جلدی جلدی اس لئے ادا نہیں کرنا کہ میں نے اس کے بعد اپنے دنیاوی جھمیلوں کو نمٹانا ہے نماز سنوار کر پڑھنے میں بہت سے لوازمات شامل ہیں۔پہلی بات تو یہ ہے کہ نماز پڑھنے سے پہلے اپنی جسمانی صفائی کا خیال رکھا جائے اور سستی اور کسل کو دُور کیا جائے۔اس لئے ہمیں حکم ہے کہ وضو کر کے نماز پڑھیں۔جن گھروں میں نماز کی طرف خاطر خواہ توجہ نہیں دی جاتی ان کے بچوں میں یہ بات دیکھنے میں آئی ہے کہ صرف بچپنے میں ہی نہیں بلکہ بڑے ہو کر بھی، جوانی میں بھی اور اس کے بعد بھی ایک تو نمازوں کی طرف توجہ نہیں ہوتی اور اگر کبھی کسی دوست کے ساتھ یا ویسے ہی (بیت) میں آگئے تو بغیر اس بات کا خیال رکھے کہ وضو قائم ہے یا نہیں، اگر نماز کھڑی دیکھیں گے تو اس کے ساتھ شامل ہو جاتے ہیں حالانکہ ظاہری اور باطنی صفائی کے لئے وضو ضروری ہے اور یہ نماز سنوار کر پڑھنے کی پہلی شرط ہے۔ (خطبات مسرور جلد 4 صفحہ 186)

''ہر نیکی کی طرح نماز پڑھنے کی یہ توفیق بھی اللہ تعالیٰ کے فضل سے ہی ملتی ہے۔اس لئے قرآن کریم نے ہمیں ایسی دعا سکھائی جو کہ نہ صرف ہمارے لئے بلکہ ہماری نسلوں کے لئے بھی ہے اور جب نسلاً بعد نسلٍ جب یہ دعا مانگی جاتی رہے گی تو اللہ تعالیٰ اپنی اس دعا کے طفیل جو اس نے ہمیں سکھائی ہے عبادت کرنے والے بھی پیدا فرماتا چلا جائے گا۔فرماتا ہے کہ رب اجعلنی مقیم الصلوٰۃ ......(ابراہیم 41) اے میرے رب مجھے نماز قائم کرنے والا بنا اور میری نسلوں کو بھی۔اے ہمارے رب اور میری دعا قبول کر۔ (خطبات مسرور جلد 4 صفحہ 493)

''پس ہر احمدی کو جو حضرت مسیح موعود کو مان کر اپنے آپ کو مومنین کی جماعت میں شامل سمجھتا ہے ان دو امور کی طرف خاص طور پر بہت توجہ دینی چاہئے پہلی چیز نماز کا اہتمام باقاعدگی سے ادائیگی ہے۔حتی الوسع باجماعت نماز ادا کرنے کی کوشش کرنی چاہئے پھر ان نمازوں کو نوافل کے ساتھ سجایا بھی جائے۔ (الفضل 16۔اگست 2013ء صفحہ 6)

بلاضرورت نماز جمع نہ کریں

حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز فرماتے ہیں۔

''من حیث القوم (بیت الذکر) میں جا کر نماز نہ پڑھنے یا نمازیں جمع کرنے کا نقص مزید بڑھنے کا خطرہ اور امکان اس وقت بڑھ جاتا ہے جب ہم یہ دیکھتے ہیں کہ بچوں کے ذہنوں میں اس کی اہمیت کم ہوتی جا رہی ہے اور بعض بچے اپنے ماں باپ کی حالت دیکھ کر یہ کہنے بھی لگ گئے ہیں کہ دن میں تین نمازیں ہوتی ہیں۔جب کہو کہ پانچ ہوتی ہیں تو کہہ دیتے ہیں کہ ہم نے تو اپنے ماں باپ کو تین نمازیں ہی پڑھتے دیکھا ہے۔پس اس بارے میں ہر جگہ غور اور منصوبہ بندی کی ضرورت ہے۔''

(روزنامہ الفضل 7۔اپریل 2015)

(فیصلہ جات مجلس مشاورت 2015ء

مرسلہ: نظارت اصلاح وارشاد مرکزیہ)

مریم شادی فنڈ

حضرت خلیفۃ المسیح الرابع نے اپنی زندگی میں جو آخری مالی تحریک فرمائی وہ مریم شادی فنڈ ہے۔

مورخہ 28 فروری 2003ء کے خطبہ جمعہ میں اس تحریک کا اعلان کرتے ہوئے آپ نے فرمایا:۔

''اس فنڈ کا نام مریم شادی فنڈ رکھ دیتا ہوں امید ہے کہ اب یہ فنڈ کبھی ختم نہیں ہو گا اور ہمیشہ غریب بچیوں کو عزت کے ساتھ رخصت کیا جا سکے گا۔'' (الفضل 6 مئی 2003ء)

احباب جماعت کو حضور کی اس تحریک میں خدا تعالیٰ کی دی ہوئی توفیق سے ضرور حصہ لینا چاہئے اور اپنی شادیوں کے مواقع پر اس تحریک میں بھی ادائیگی کرنی چاہئے تاکہ مستحق، بے سہارا اور یتیم بچیاں بھی عزت کے ساتھ رخصت ہو سکیں نیز ایسے افراد جنہیں اللہ تعالیٰ نے مالی فراخی عطا فرمائی ہے وہ شکرانے کے طور پر اپنی استطاعت کے مطابق ضرور اس بابرکت تحریک میں شامل ہونے کی کوشش کریں۔جزاکم اللہ (ناظر اعلیٰ)

پبلشر و پرنٹر : طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ ......مطبع: ضیاء الاسلام پریس ......مقام اشاعت : دارالنصر غربی چناب نگر ربوہ ...... قیمت 5 روپے

رپورٹ: مکرم ساجد محمود بٹر صاحب استاد جامعہ احمدیہ انٹرنیشنل گھانا

جامعہ احمدیہ انٹرنیشنل گھانا میں افتتاحی تقریب

برائے گرین ویلی ٹریک، الیکٹرونک لائبریری، کلینک وٹک شاپ

مورخہ 18 جنوری 2015ء کو جامعہ احمدیہ انٹرنیشنل گھانا میں محض اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے درج ذیل چار مختلف سہولیات کے افتتاح کی تقریب ہوئی۔

☆ای لائبریری(E.Library)

☆گرین ویلی ٹریک(Green Vally Track)

☆فرسٹ ایڈ کلینک(First Aid Clinic)

☆ٹک شاپ(Tuck Shop)

افتتاحی تقریب کے مہمان خصوصی مکرم مولانا نورمحمد بن صالح صاحب امیر ومشنری انچارج گھانا تھے۔ دیگر مہمانان کرام میں 80 سے زائد احباب و خواتین شامل تھے۔ لوکل لجنہ اماء اللہ کی بعض ممبرات، جامعہ احمدیہ انٹرنیشنل اور جامعۃ المبشرین کے اساتذہ کی فیملیز نے بھی پروگرام میں شرکت کی۔

جامعہ میں مہمانوں کی آمد پران کی چائے اور دیگراشیاء خوردونوش سے تواضع کی گئی۔ بعدازاں تمام مہمانوں کو گاڑیوں کے ذریعہ گرین ویلی ٹریک کا راؤنڈ کروایا گیا۔ ٹریک کے وزٹ کے بعد تمام مہمان جامعہ کے اکیڈیمک بلاک میں تشریف لائے۔ مکرم امیر صاحب گھانا نے تمام مہمانوں، اساتذہ اور طلبا کی موجودگی میں بالترتیب موبائل ای لائبریری، ٹک شاپ، کینٹین اور ای لائبریری کے الگ الگ فیتے کاٹ کر باضابطہ افتتاح کیا۔

مذکورہ بالا سہولیات کا افتتاح کرنے کے بعد محترم امیر صاحب نے ای لائبریری کے ہال میں دعا کروائی۔

ذیل میں ان سہولیات کا مختصر تعارف پیش ہے۔

گرین ویلی ٹریک
(Green Vally Track)

یہ ٹریک 10 فٹ چوڑا اور ڈیڑھ کلومیٹر لمبا ہے۔ جامعہ کی زمین کو ناجائز تجاوزات سے محفوظ کرنے کے لئے باؤنڈری کے ساتھ ساتھ لکڑی اور بانس کی فینس لگائی گئی ہے اور فینس کے ساتھ یہ خوبصورت ٹریک بنایا گیا ہے۔ طلباء اور کارکنان جامعہ احمدیہ نے کم وبیش مسلسل دو ماہ وقارعمل کرکے غیرمعمولی محنت اور جانفشانی سے اس ٹریک کو مکمل کیا ہے۔ اس سلسلہ میں راستے سے خودرو جھاڑیوں اور پودوں کو تلف کیا گیا۔ بعدازاں ٹریک کو ہموار کیا گیا۔ ٹریک پر مناسب فاصلے پر پپیتے کے 33 پودے لگائے گئے ہیں۔ علاوہ ازیں ہر 100 میٹر کے فاصلے پر لوہے کے 6 فٹ لمبائی کے سائن بورڈ لگائے گئے ہیں جو فاصلے کی نشاندہی کرتے ہیں اور ان پر مختلف تربیتی اور علمی عبارات بھی درج ہیں۔ یہ ٹریک خوبصورت اور سرسبز علاقہ میں سے بل کھاتا ہوا گزرتا ہے اور ٹریک پر موجود خوبصورت تحریرات پر مشتمل سائن بورڈز اس قدرتی حسن میں غیرمعمولی اضافہ کا باعث بن رہے ہیں۔ طلبا جامعہ، اساتذہ اور فیملیز اس ٹریک پر واک کرتے ہیں اور اس ٹریک سے نہ صرف جامعہ کی باؤنڈری محفوظ ہوگئی ہے بلکہ واک اور جاگنگ کے لئے جامعہ میں ایک عمدہ سہولت کا بھی اضافہ ہوگیا ہے۔

ای لائبریری(E.Library)

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ کی خاص توجہ اور منظوری سے خدا کے فضل کے ساتھ جامعہ احمدیہ انٹرنیشنل میں ایک ای لائبریری قائم کی گئی ہے۔ جس میں فی الوقت سترہ کمپیوٹر مہیا کئے گئے ہیں۔ طلبا کے استفادہ کے لئے ان کمپیوٹرز میں پی ڈی ایف فارمیٹ میں تمام ضروری کتابیں رکھی جاچکی ہیں جن کی تعداد اس وقت سولہ ہزار (16000) سے زائد ہوچکی ہے اور وقت کے ساتھ اس میں مزید کتابوں کا بھی اضافہ کیا جارہا ہے۔ موجودہ ای لائبریری میں قرآن کریم، اس کے مختلف تراجم وتفاسیر، کتب حضرت مسیح موعود وخلفاء سلسلہ، تاریخ احمدیت، متفرق جماعتی کتب، کتب احادیث وسیرت وسوانح، انسائیکلوپیڈیا، مختلف زبانوں کی ڈکشنریز، جامعہ کا تمام نصاب اور جامعہ میں پڑھائے جانے والے مضامین، تفسیر، حدیث، کلام، موازنہ، فقہ وتصوف کی کتب کے علاوہ عربی، انگریزی اور اردو سیکھنے کے لئے بنیادی کتب اور کہانیاں وغیرہ بھی رکھی گئی ہیں۔ اس کے علاوہ عربی کتابوں کی سرچ میں سہولت مہیا کرنے والا سافٹ ویئر شاملہ بھی انسٹال کیا گیا ہے۔ نئے آنے والے رشین اور عرب طلباء کے لئے ان کی زبانوں میں موجود تراجم بھی مہیا کئے جارہے ہیں تاکہ فارغ وقت میں وہ ذاتی مطالعہ کرسکیں۔

طلباء کی سہولت کے لئے مرکزی ای لائبریری سٹڈی ٹائم کے دوران دو گھنٹہ کے لئے کھولی جاتی ہے۔ جس سے طلباء استفادہ کرتے ہیں، تاہم اس غرض سے کہ طلباء ان علمی خزائن سے 24 گھنٹوں میں جب چاہیں استفادہ کرسکیں۔ خودکار الیکٹرونک لائبریری کے دو یونٹس تیار کرواکر جامعہ کی لابی میں رکھے گئے ہیں، جن میں انٹرنیٹ استعمال کئے بغیر مذکورہ بالا تمام سولہ ہزار کے لگ بھگ کتب 24 گھنٹے طلباء کے مطالعہ کے لئے دستیاب ہیں۔ یہ لائبریری طلباء کی سہولت کے لئے دن رات کھلی رہتی ہے اور جب بھی طلبا کو وقت ملے وہ اس سے استفادہ کرسکتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ کے فضل سے یہ تجربہ انتہائی کامیاب رہا ہے اور اب طلباء کی ایک بڑی تعداد شوق کے ساتھ ان کتابوں کا مطالعہ کرتی ہوئی نظر آتی ہے۔

فرسٹ ایڈ کلینک

یہ کلینک طلباء جامعہ احمدیہ کے لئے اکیڈیمک بلاک میں بنایا گیا ہے۔ اس سلسلہ میں احمدی ڈاکٹرز صاحبان سے مشورہ کرکے بنیادی سہولیات اور ابتدائی طبی امداد کی جملہ ایلوپیتھی اور ہومیوپیتھی ادویات رکھی گئی ہیں۔ وقت کے ساتھ ساتھ ان ادویات میں اضافہ کیا جاتا رہے گا۔ اس کلینک کے قیام کے سلسلہ میں مکرم ڈاکٹر ابراہیم صاحب آف ڈبواسی (Daboase) نے غیرمعمولی تعاون کیا ہے۔

ٹک شاپ(Tuck Shop)

طلباء جامعہ کو اپنی بنیادی ضروری اشیاء کی خرید کے لئے بازار جانا پڑتا تھا۔ طلباء کے قیمتی وقت کو بچانے کے لئے جامعہ میں ٹک شاپ کی سہولت مہیا کی گئی ہے۔ جس میں طلباء سے متعلقہ تمام ضرورت کی چیزیں مثلاً سٹیشنری، کھانے پینے اور detergents کی بنیادی اشیاء شامل ہیں۔

مذکورہ بالا چاروں سہولیات کے افتتاح کے بعد جامعہ کے سیمینار ہال میں ایک تقریب کا اہتمام کیا گیا تھا، جس میں تمام مہمانان کرام، اساتذہ اور طلباء موجود تھے۔ تقریب کا آغاز تلاوت قرآن کریم سے ہوا۔ بعدازاں حضرت مصلح موعودکا منظوم کلام ''نونہالان جماعت مجھے کچھ کہنا ہے'' مترنم آواز میں پیش کیا گیا۔ چاروں سہولیات کا تعارف مکرم انور اقبال ثاقب صاحب استاد جامعہ احمدیہ نے پیش کیا۔

دوران تعارف یہ بھی ذکر کیا گیا کہ خدا تعالیٰ کے فضل وکرم سے جامعہ احمدیہ انٹرنیشنل گھانا میں اٹھارہ ممالک کے اکہتر (71) طلباء تعلیم حاصل کر رہے ہیں جن میں مشرقی افریقہ، مغربی افریقہ، ماریشس، روس، اردن اور پاکستان کے طلباء شامل ہیں۔ جامعہ احمدیہ انٹرنیشنل گھانا کو یہ بھی سعادت حاصل ہے کہ پہلی مرتبہ قزاقستان سے ایک طالبعلم اور اردن سے ایک عرب طالبعلم مذہبی تعلیم کے حصول کے لئے تشریف لائے ہیں۔ ان دونوں طلباء کو حاضرین سے متعارف کروایا گیا۔

تعارف کے بعد مکرم امیر صاحب نے اپنے خطاب میں فرمایا کہ ان سہولتوں اور جدید دور کی ایجادات سے زیادہ سے زیادہ فائدہ اٹھائیں۔

آخر پر مکرم امیر صاحب نے دعا کے ساتھ اس تقریب کا اختتام کیا۔ نماز ظہر وعصر ادا کرکے مہمانوں کو دوپہر کا کھانا پیش کیا گیا۔ یوں یہ بابرکت تقریب نہایت خوشگوار اور عمدہ ماحول میں اپنے اختتام کو پہنچی۔

(الفضل انٹرنیشنل 6 مارچ 2015ء)

☆...☆...☆

مکرم انصر عباس صاحب مربی سلسلہ

باسیلہ ریجن بینن میں نومبائعین کا جلسہ

اللہ تعالیٰ کے فضل سے 23 فروری 2015ء کو ریجن باسیلہ کی نومبائع جماعت Kagové (کاگوئے) میں جلسہ نومبائعین منعقد کرنے کی توفیق ملی۔

یہ گاؤں Banté (بانتے) کمیون میں ہے۔ جنوری 2015ء میں اس گاؤں میں مقیم فلانی قبیلہ کے 69 لوگوں نے احمدیت قبول کی تھی۔ یہاں مستقل نماز جمعہ کا انتظام بھی کیا جاتا ہے اور چندہ بھی ادا کرتے ہیں۔ مخالفین ان کو احمدیت چھڑانے کے لئے بہت زور لگا رہے ہیں۔ لیکن اللہ تعالیٰ کے فضل سے نومبائعین ان مخالفتوں کو بالائے طاق رکھتے ہوئے ایمان اور اخلاص میں ترقی کررہے ہیں۔

جلسہ نومبائعین کا آغاز تلاوت قرآن کریم اور قصیدہ حضرت مسیح موعود فی مدح رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے ہوا۔ مکرم ذاکر الحسن صاحب لوکل مربی سلسلہ نے خلافت کی برکات کے موضوع پر تقریر کی۔ اس کے بعد مکرم رانا فاروق احمد صاحب امیر جماعت بینن نے انسان کی پیدائش کے مقصد پر روشنی ڈالتے ہوئے ان کو اپنی ذمہ داریاں سنبھالنے کی طرف توجہ دلائی۔

نومبائعین نے اپنے تاثرات میں بتایا کہ وہ احمدیت سے بہت خوش ہیں۔ احمدیت کی برکت سے ہم سب لوگ یہاں اپنے گاؤں میں درخت کے نیچے جمعہ ادا کرتے ہیں۔ پہلے غیر از جماعت کی مسجد میں جو 10 کلومیٹر دور ہے جاکر صرف 2 یا 3 لوگ جمعہ پڑھا کرتے تھے۔ ہم دعا کرتے ہیں کہ ہمیشہ ہمارا تعلق جماعت کے ساتھ قائم رہے۔

پروگرام کے بعد احباب نے سوالات بھی کئے مکرم امیر صاحب نے جوابات دیئے اور اس کے بعد نماز ظہر ادا کی۔ نماز کے بعد تمام حاضرین کو کھانا پیش کیا گیا۔

پروگرام کی کل حاضری 90 تھی جن میں بعض غیر از جماعت افراد بھی شریک تھے۔

☆...☆...☆

حضرت مسیح موعود کا بے نظیر علم کلام

دجال کا دعویٰ خدائی اور جدید سائنسی تحقیقات کا ذکر

مکرم فہیم احمد صاحب ناگی

حضرت مسیح موعود کا نام اللہ تعالیٰ نے سلطان القلم رکھا ہے۔ آپ فرماتے ہیں اللہ تعالیٰ نے اس عاجز کا نام سلطان القلم رکھا ہے۔ اس میں سّر یہ ہے کہ یہ زمانہ جنگ وجدال کا زمانہ نہیں ہے بلکہ قلم کا زمانہ ہے۔ پھر آپ فرماتے ہیں کہ بعض الفاظ خود بخود ہمارے قلم سے لکھے جاتے ہیں۔

(روایت 105 سیرت المہدی)

آپ کا علم کلام عربی اُردو اور فارسی زبان میں ہے۔ نظم اور نثر دونوں میں اللہ تعالیٰ کی حمد وثناء قرآن مجید کا اعلیٰ وارفع مقام آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی مدح کا ذکر بہت اعلیٰ شان سے کیا گیا ہے۔

اسی طرح آپ کی تحریروں میں سماجی، معاشرتی، اخلاقی، سیاسی، اقتصادی اور سائنسی شعور کے ساتھ ساتھ تصوف کا ٹھاٹھیں مارتا سمندر رواں دواں ہے۔ پھر آپ کی تحریروں میں دنیا میں آنے والے حالات و واقعات کی بھی منظر کشی کی گئی ہے اور بتایا گیا ہے کہ انسان جدید علوم میں ایسی ترقی کرے گا اور ان کامیابیوں پر فخر اور ناز کرے گا جس کے نتیجہ میں نہ صرف خدا تعالیٰ کا انکار بلکہ خود خدائی کا دعویٰ کرنا شروع کر دے گا۔

حدیث نبوی میں دجال کے خدائی کے دعویٰ کا ذکر ہے فرمایا:

وہ اندھوں اور کوڑھیوں کو تندرست کرے گا اور مردوں کو زندہ کرے گا اور لوگوں سے کہے گا میں تمہارا رب ہوں۔ (کنز العمال جلد 14 صفحہ 139)

اس ضمن میں حضرت مسیح موعود کا ایک خط جو آپ نے حضرت نواب محمد علی خان صاحب کو تحریر فرمایا تھا، نہایت اہم اور قابلِ غور ہے۔ یہ خط آپ کی ایک عظیم الشان تصنیف ’’آئینہ کمالات اسلام‘‘ کے اردو حصہ میں شامل ہے جو کہ حضرت مسیح موعود نے 1892ء میں تحریر فرمایا تھا۔ اس خط میں بعض ایسی باتیں تحریر ہیں جو مستقبل کی پیشگوئیوں اور آنے والے حالات سے تعلق رکھتی ہیں۔ حضور فرماتے ہیں!

’’جیسا کہ لکھا ہے کہ دجال نبوت کا دعویٰ بھی کرے گا اور خدائی کا بھی۔ ایسا ہی انہوں نے کیا۔ نبوت کا دعویٰ اس طرح پر کیا کہ کلام الٰہی میں اپنی طرف سے وہ دخل دیئے وہ قواعد مرتب کئے اور وہ تنسیخ ترمیم کی جو ایک نبی کا کام تھا جس حکم کو چاہا قائم کر دیا اور اپنی طرف سے عقائد نامے اور عبادت کے طریق گھڑ لئے اور ایسی آزادی سے مداخلت بیجا کی کہ گویا اُن باتوں کے لئے وحی الٰہی اُن پر نازل ہوگئی۔ سو الٰہی کتابوں میں اس قدر بے جا دخل دوسرے رنگ میں نبوت کا دعویٰ ہے۔

اور خدائی کا دعویٰ اس طرح پر کہ اُن کے فلسفہ دانوں نے یہ ارادہ کیا کہ کسی طرح تمام کام خدائی کے ہمارے قبضہ میں آجائیں جیسا کہ اُن کے خیالات اس ارادہ پر شاہد ہیں کہ وہ دن رات ان فکروں میں پڑے ہوئے ہیں کہ کس طرح ہم ہی مینہ برسائیں اور نطفہ کو کسی آلہ میں ڈال کر اور رحم عورت میں پہنچا کر بچے بھی پیدا کر لیں اور اُن کا عقیدہ ہے کہ خدا کی تقدیر کچھ چیز نہیں بلکہ ناکامی ہماری بوجہ غلطی تدبیر تقدیر ہو جاتی ہے۔ اور جو کچھ دُنیا میں خدا کی طرف منسوب کیا جاتا ہے وہ صرف اس وجہ سے ہے کہ پہلے زمانہ کے لوگوں کو ہر یک چیز کے طبعی اسباب معلوم نہیں تھے اور اپنے تھک جانے کی حد انتہا کا نام خدا اور خدا کی تقدیر رکھا تھا۔ اب علل طبعیہ کا سلسلہ جب بکلّی لوگوں کو معلوم ہو جائے گا تو یہ خام خیالات خود بخود دور ہو جائیں گے۔ پس دیکھنا چاہئے کہ یورپ اور امریکہ کے فلاسفروں کے یہ اقوال خدائی کا دعویٰ ہے یا کچھ اور ہے۔ اسی وجہ سے ان فکروں میں پڑے ہوئے ہیں کہ کسی طرح مُردے بھی زندہ ہو جائیں اور امریکہ میں گروہ عیسائی فلاسفروں کا انہی باتوں کا تجربہ کر رہا ہے۔ اور مینہ برسانے کا کارخانہ تو شروع ہو گیا اور ان کا منشاء ہے کہ بجائے اس کے کہ لوگ مینہ کے لئے خدا تعالیٰ سے دعا کریں یا استسقاء کی نماز پڑھیں گورنمنٹ میں ایک عرضی دے دیں کہ فلاں کھیت میں مینہ برسایا جائے اور یورپ میں یہ کوشش ہو رہی ہے کہ نطفہ رحم میں ٹھہرانے کے لئے کوئی کل پیدا ہو۔ اور نیز یہ بھی کہ جب چاہیں لڑکا پیدا کر لیں اور جب چاہیں لڑکی اور ایک مرد کا نطفہ لے کر کسی پچکاری میں رکھ کر کسی عورت کے رحم میں چڑھا دیں اور اس تدبیر سے اُس کو حمل کر دیں۔ اب دیکھنا چاہئے کہ یہ خدائی پر قبضہ کرنے کی فکر ہے یا کچھ اور ہے۔‘‘

(آئینہ کمالات اسلام، روحانی خزائن جلد 5 صفحہ 343,344)

حضرت اقدس مسیح موعود کی اس تحریر میں سائنسدانوں کی اس کامیابی ذکر ہے جس کو ٹیسٹ ٹیوب بے بی کا نام دیا گیا ہے۔ اس میں مندرجہ ذیل باتیں پیشگوئی کا رنگ رکھتی ہیں۔

☆ مصنوعی طریقہ حمل سے بچہ پیدا کرنے کی کوشش میں سائنس دان کامیاب ہوں گے۔

☆ جو طریق (Technique) استعمال کیا جائے گا حضرت اقدس مسیح موعود نے اس خط میں بیان فرما دیا ہے۔

☆ یہ کامیابی یورپ کے سائنسدانوں کے حصہ میں آئے گی۔

☆ اس کامیابی کے بعد یہ سائنس دان اپنے آپ کو خدا تعالیٰ کے کاموں میں اپنے آپ کو حصہ دار سمجھنا شروع کر دیں گے اور متکبرانہ انداز میں اعلان کریں گے کہ ہم انچارج ہیں اور ہم خدا ہیں۔

گو کہ اس ضمن میں بہت سی باتیں ابھی تحقیق طلب ہیں۔ لیکن خاکسار نے اس پر جو تحقیق کی ہے تو اس ضمن میں یہ بات سامنے آئی کہ زیادہ تر محققین بیان کرتے ہیں کہ سب سے پہلے 1790ء میں مصنوعی طریقہ حمل (Artificial Insemination) کا آغاز کیا گیا جس میں جو تجربات کئے گئے وہ زیادہ تر پودوں اور جانوروں سے تعلق رکھتے ہیں اور 1790ء کے تقریباً سو سال گزر جانے کے بعد 1899ء میں روس میں عورتوں میں مصنوعی حمل (Artificial Insemination) کے متعلق سوچ پیدا ہوئی اور اس سے متعلق تجربات کا آغاز کیا گیا۔ جو آئینہ کمالات اسلام کے شائع ہونے کے سات سال بعد کا زمانہ ہے۔ اس کے بعد 1912ء میں روس سے باہر جاپان میں اس پر تحقیق کا آغاز کیا گیا اور کیٹل، پولٹری، سؤروں، بھیڑ اور بکری پر تجربات کئے گئے۔ اس طرح یہ تحقیق مختلف مراحل سے گزرتی رہی اور اسی میں ان کو زیادہ تر کامیابیاں حاصل ہوئیں۔ مگر ایک لمبا عرصہ گزرنے کے بعد 25 جولائی 1978ء میں سائنسدانوں کو انسانوں میں پہلی کامیابی نصیب ہوئی اور لیز لی اور جون براؤن جو کہ برسٹل یو کے سے تعلق رکھتے ہیں کے ہاں دنیا کی پہلی ٹیسٹ ٹیوب بے بی پیدا ہوئی جس کا نام لوئیز براؤن رکھا گیا۔ اور یہ کامیابی یورپ کے سائنسدانوں ڈاکٹر پیٹرک سٹیپٹو Patrick Steptoe اور رابرٹ ایڈورڈ Robert Edwards کے حصہ میں آئی۔ جن کا تعلق برطانیہ سے ہے۔

دنیا کی پہلی ٹیسٹ ٹیوب بے بی کی 25 سالگرہ کے موقعہ پر یو کے کے ایک اخبار ’’دی ٹائمز‘‘ کی 24 جولائی 2003ء کی اشاعت میں پہلی ٹیسٹ ٹیوب بے بی لیز براؤن کی 25 سالگرہ کے موقع پر ایک متکبرانہ مضمون شائع ہوا جس کی سرخی یہ تھی کہ "God is not in charge, We Are" اور یہ بات حضرت مسیح موعود نے اپنی اس تحریر میں بیان فرمائی ہے کہ اپنی اس کامیابی کے بعد یہ خدا تعالیٰ کے کاموں میں اپنے آپ کو شریک سمجھیں گے آپ فرماتے ہیں ’’یہ خدائی پر قبضہ کرنے کی فکر ہے یا کچھ اور ہے‘‘

اس خط کا ایک ایک لفظ سیدنا حضرت اقدس مسیح موعود کی صداقت کی دلیل ہے۔ خصوصاً اس پیشگوئی کا یہ حصہ کہ ’’یورپ میں یہ کوشش ہو رہی ہے کہ نطفہ رحم میں ٹھہرانے کی کوئی کل پیدا ہو جائے‘‘ حیرت انگیز بات یہ ہے کہ یورپ کے سائنسدانوں کو ہی اس میں سب سے پہلے کامیابی حاصل ہوئی۔ اگر یہ کلام خالص خدا تعالیٰ کی تائید سے نہ ہوتا تو یہ کامیابی امریکہ یا چین یا دنیا کے کسی اور حصہ کے سائنسدانوں کو بھی حاصل ہو سکتی تھی۔ مگر اللہ تعالیٰ نے اپنے مسیح کی بات کو سچا ثابت کیا اور یورپ کے سائنسدانوں کو یہ کامیابی حاصل ہوئی جنہوں نے خدا تعالیٰ کا پیدا کردہ نطفہ اپنے سائنسی آلات کے ذریعہ رحم میں داخل کیا جہاں وہ اللہ تعالیٰ کے وضع کردہ قوانین کے تحت پرورش پا کر اسی کی قدرت سے پیدا ہوا لیکن سائنسدانوں نے متکبرانہ طور پر خدا ہونے کا دعویٰ کر دیا اور کہا کہ انہوں نے زندگی تخلیق کر دی اور اب خالق و مالک، نعوذ باللہ، خدا نہیں بلکہ وہ ہیں۔ انہیں یہ معلوم ہی نہیں کہ حقیقی مالک و خالق خدا نے چودہ سو برس پیشتر اپنے نبی امّی صلی اللہ علیہ وسلم کے ذریعہ یہ پیشگوئی کر دی تھی کہ انسان خدا کی تخلیق میں دست اندازی کریں گے۔ اسی خط میں آگے چل کر پھر حضرت مسیح موعود عیسائی اقوام کی دین کے خلاف کوششوں کا ذکر کر کے فرماتے ہیں:

’’......قوم اس زمانہ میں چالیس کروڑ سے کچھ زیادہ ہے اور بڑے زور سے اپنے دجالی خیالات کو پھیلا رہی ہے اور صدہا پیرایوں میں اپنے شیطانی منصوبوں کو دلوں میں جاگزین کر رہی ہے۔ بعض واعظوں کے رنگ میں پھرتے ہیں۔ بعض گویّے بن کر گیت گاتے ہیں۔ بعض شاعر بن کر تثلیث کے متعلق غزلیں سناتے ہیں۔ بعض جوگی بن کر اپنے خیالات کو شائع کرتے پھرتے ہیں۔ بعض نے یہی خدمت لی ہے کہ دنیا کی تمام زبانوں میں اپنی محرف انجیل کا ترجمہ کر کے اور ایسا ہی دوسری کتابیں (دین) کے مقابل پر ہر ایک زبان میں لکھ کر تقسیم کرتے پھرتے ہیں۔ بعض تھیٹر کے پیرایہ میں (دین) کی بری تصویر لوگوں کے دلوں میں جماتے ہیں اور ان کاموں میں کروڑ ہا روپیہ ان کا خرچ ہوتا ہے۔‘‘

(آئینہ کمالات اسلام، روحانی خزائن جلد 5 ص 347)

یہاں حضرت اقدس مسیح موعود نے عیسائی چرچ کی ایک تنظیم سالویشن آرمی (Salvation Army) کی بابت بھی بیان فرمایا جس کی بنیاد 1865ء میں ایسٹ لندن انگلینڈ میں رکھی گئی جو آرمی کے طرز پر قائم کی گئی جس کے ایجنڈے میں یہ سب باتیں شامل ہیں جن کا ذکر حضرت مسیح موعود نے فرمایا ہے۔ اس تنظیم کو 1882ء میں پہلی مرتبہ ہندوستان میں متعارف کرایا گیا یا اس کا دفتر قائم کیا گیا جو کہ اس کا بالکل ابتدائی دور ہے اور اس میں ان کو کوئی خاص کامیابی حاصل نہیں ہوئی۔ لیکن حضرت اقدس مسیح موعود نے جو یہ فرمایا:

’’اور بعض ایک فوج بنا کر اور مُکتی فوج اُس کا نام رکھ کر مُلک بہ مُلک پھرتے ہیں اور ایسا ہی اور کارروائیوں نے بھی جو اُن کے مرد بھی کرتے ہیں اور اُن کی عورتیں بھی۔ کروڑ ہا بندگانِ خدا کو نقصان پہنچایا ہے اور بات انتہا تک پہنچ گئی ہے۔‘‘

(آئینہ کمالات اسلام، روحانی خزائن صفحہ 347)

اس کا صحیح نقشہ آج ہمیں امریکہ اور یورپ کی عیسائی قوموں کا امن کے نام پر فوج بنا کر دنیا میں امن قائم کرنے کے نام پر ملک ملک پھر کر مشترکہ فوجی کارروائی کی شکل میں نظر آ رہا ہے۔ یہ امن فوج (مکتی فوج) امن کے نام پر کبھی فلسطین پر کبھی عراق کبھی افغانستان کبھی بوسنیا میں فوجی کارروائی کر رہی ہیں غرض کہ دنیا کے مختلف حصوں میں یہ فوجی کارروائیاں امن کے نام پر ہو رہی ہیں لیکن ان میں لاکھوں انسانوں کا خون بہایا جا رہا ہے۔ اپنی مرضی کے حکمرانوں کی مدد کی جا رہی ہے اور ان ملکوں کے وسائل و معدنیات پر قبضہ کیا جا رہا ہے۔

مکرم منصور احمد خان صاحب

جماعت احمدیہ اور قومی خدمات

فوجی، قومی، ملی، فلاحی اور عمومی خدمات کا تذکرہ

جماعت احمدیہ نے تحریک پاکستان اور تعمیر پاکستان میں بڑھ چڑھ کر نہ صرف حصہ ہی لیا بلکہ ہمیشہ پاکستان کے خلاف ہر چیلنج کا سامنا بھی کیا ہے۔

حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کا ارشاد مبارک ہے کہ وطن کی محبت ایمان کا حصہ ہے۔

اسی لئے احمدی دنیا میں جہاں بھی ہوں اور وہ جس وطن کے بھی باشندے ہوں، وطن سے وفاداری نہ صرف ان کے خون میں شامل ہے بلکہ یہ ان کے ایمان کا بھی حصہ ہے اور اسی وجہ سے مملکت پاکستان کا ہر احمدی تحریک پاکستان میں بھی خلوص دل سے شامل رہا اور تعمیر پاکستان میں بھی صف اول میں شامل رہا اور آج بھی شامل ہے۔

1945-46ء کے الیکشن ہوں یا سرحدوں کے تعین کا مسئلہ، جماعت احمدیہ نے مسلم لیگ کا ہی ساتھ دیا اور اس طرح تحریک پاکستان میں فعال کردار ادا کیا۔ مسئلہ کشمیر بھی اس کی ایک مثال ہے۔

سب جانتے ہیں کہ تحریک پاکستان ایک طویل اور کٹھن جدوجہد کا نام ہے اور اس کا انعام ہمیں اللہ تعالیٰ نے ''مملکت پاکستان'' کی شکل میں دیا اور آئندہ بھی ہم اپنے پاکستان کی نہ صرف دل و جان سے خدمت کریں گے بلکہ اس کے لئے جانوں کے نذرانے بھی حاضر ہیں۔

یہ بات تو اظہر من الشّمس ہے کہ حضرت مرزا بشیرالدین محمود احمد صاحب خلیفۃ المسیح الثانی نے جس طرح تحریک پاکستان میں شاندار کردار ادا کیا اسی طرح اس نوزائیدہ ملک کے لئے بھی آپ نے گراں مایہ خدمات انجام دیں۔ آپ ہمیشہ سربراہان مملکت کی راہنمائی فرماتے رہے اور ہر مشکل اور نازک موقعہ اور مرحلہ پر اپنے مفید اور گراں قدر مشوروں سے بھی نوازتے رہے۔

ویسے تو پاکستان کے لئے جماعت احمدیہ کی خدمات تمام شعبہ ہائے زندگی میں پھیلی ہوئی ہیں۔ لیکن نمونہ کے طور پر خاکسار صرف چند ایک امور ہی لکھ رہا ہے۔

افواج میں احمدیوں

کا کردار

کسی بھی ملک کی مسلح افواج اس ملک کا بہترین سرمایہ ہوتی ہیں۔ یہ اللہ تعالیٰ کا بڑا فضل اور کرم ہے کہ اسلامی جمہوریہ پاکستان کی افواج کا شمار دنیا کی چند بہترین افواج میں ہوتا ہے۔ امن ہو یا جنگ، ہماری مسلح افواج اپنے معیار پر ہمیشہ پوری اتری ہیں۔

جس طرح تحریک پاکستان میں جماعت احمدیہ کا بھرپور کردار رہا اور اس تحریک میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیا بعینہٖ اسی طرح مسلح افواج میں بھی احمدی جوانوں نے اپنے ملک پاکستان کا نام روشن کیا ہے اور احمدیوں نے بڑے تاریخی کارنامے انجام دیئے جو رہتی دنیا تک سنہری الفاظ میں لکھے جانے چاہئیں۔ ایک ایک احمدی فوجی کو اللہ تعالیٰ نے نہایت اعلیٰ رنگ میں ملکی خدمت کی توفیق اپنے فضل سے عطا فرمائی۔

ان احمدی احباب میں فاتح چھمب و جوڑیاں جنرل اختر حسین ملک ہلال جرأت، چونڈہ کے ہیرو جنرل عبدالعلی ملک ہلال جرأت، فاتح رن کچھ میجر جنرل افتخار جنجوعہ ہلال جرأت، سکواڈرن لیڈر منیرالدین احمد ستارہ جرأت اور بہت سے دوسرے جماعت احمدیہ سے تعلق رکھنے والے جری، نڈر اور بہادر شامل ہیں۔

مذکورہ بالا احباب کے علاوہ محترم جنرل نسیم احمد صاحب، جنرل محمود الحسن صاحب (ہلال امتیاز، ستارہ امتیاز و تمغہ امتیاز ملٹری)، (یاد رہے اول الذکر جنرل نسیم احمد صاحب ملک کے نامور آئی سرجن تھے)، محترم ایئر مارشل (ر) ظفر چوہدری صاحب (سابق چیف آف ایئر سٹاف)، جنرل محمد مسعود الحسن نوری صاحب اور جناب ایم ایم احمد صاحب (جو پاکستان کے وزیر خزانہ بھی رہے اور بعد میں صدر پاکستان کے اقتصادی مشیر بنا دیئے گئے اور آپ ایگزیکٹو ڈائریکٹر عالمی بینک بھی رہے) یہ سب بھی جماعت احمدیہ سے تعلق رکھتے ہیں۔

خاکسار چاہتا ہے کہ جن احمدی افسران کا ذکر کیا ہے ان میں سے چند ایک کا ذکر خیر بھی ضرور کیا جائے۔ گو ہر ایک نے اور ان کے علاوہ کئی ایک نے اپنی اپنی جگہ شجاعت کے بے مثال جوہر دکھائے اور اپنے پیارے وطن پر جانیں قربان کر دیں۔ انہیں ان کے ذکر خیر سے ہی داد شجاعت دی جا سکتی ہے۔

جنرل اختر حسین ملک

(ہلال امتیاز ملٹری)

میجر جنرل سرفراز خان خراج تحسین پیش کرتے ہوئے فرماتے ہیں کہ:

''جس ہنرمندی سے اختر ملک نے چھمب اور جوڑیاں پر اٹیک کیا اسے شاندار فتح کے علاوہ کوئی دوسرا نام نہیں دیا جا سکتا''۔

(روزنامہ جنگ 6 ستمبر 1967ء ص 3 بعنوان جنگ ستمبر 1965ء)

ان کے علاوہ سابق چیف آف سٹاف جنرل عبدالحمید خان، بری فوج کے سابق سربراہ جنرل (ر) محمد موسیٰ، لیفٹیننٹ جنرل امین آپکایا (ترکی) اور دیگر بیشمار مشاہیر نے ان کی بہادری پر داد شجاعت دی۔

بلکہ جماعت احمدیہ کے مشہور مخالف شورش کاشمیری صاحب نے تو اپنے رسالہ ''چٹان'' میں خوب مدح سرائی کی۔ جس کا شعر یہ بھی ہے۔ ع

اختر ملک کا ہاتھ بٹاتے ہوئے چلو

جنرل عبدالعلی ملک

(ہلال جرأت)

ماہنامہ حکایت اپنی نومبر 1984ء کی اشاعت میں صفحہ 114 میں آپ کو یوں خراج تحسین پیش کرتا ہے۔

ستمبر 1965ء میں سیالکوٹ چونڈہ سیکٹر پر بھارت نے پورے آرمرڈ ڈویژن سے حملہ کیا تھا۔ اس حملہ کو ایک قادیانی بریگیڈیئر نے صرف ایک ٹینک رجمنٹ اور دو انفنٹری پلٹنوں سے روکا تھا۔ اس بریگیڈیئر کو اس کے ڈویژن کمانڈر نے حکم دیا تھا کہ پیچھے آؤ سیالکوٹ خالی کر دو۔ ہم بہت پیچھے ہٹ کر (سیالکوٹ) دشمن کو دے کر لڑیں گے۔ اس قادیانی بریگیڈیئر نے اپنے ڈویژن کمانڈر کا یہ حکم ماننے سے صاف انکار کر دیا تھا اور حملہ روک لیا تھا۔ اس بریگیڈیئر کا نام عبدالعلی ملک ہے جو بعد میں میجر جنرل ہو گئے تھے۔ وہ جنرل اختر حسین ملک کے چھوٹے بھائی تھے۔

(ماہنامہ حیات نومبر 1984ء ص 114 از خالد اگست 1997ء ص 112)

جنرل افتخار جنجوعہ

(ہلال جرأت)

1965ء میں رن کچھ میں وطن کا بے جگری سے دفاع کرنے والے جنرل افتخار جنجوعہ جو اس وقت بریگیڈیئر تھے اور فاتح رن کچھ بن گئے تھے اور جن کا نام تاریخ پاکستان میں امر ہو چکا ہے تو انہی جنرل افتخار جنجوعہ نے 1971ء میں جبکہ بھارت نے 1965ء کی شکست کا بدلہ لینے کے لئے مغربی پاکستان کے دو محاذوں پر بیک وقت حملہ کیا۔ اس وقت بھارتی فوج نے 1965ء سے بڑھ کر جنگ کی تیاری کی ہوئی تھی۔ اس جنگ میں چھمب کے محاذ پر سب سے بڑا حملہ کیا گیا۔ جنرل جنجوعہ کو 23 اے بٹالین کی کمان دی گئی اور اس جوان ہمت و پُرعزم آفیسر کی کمان میں یہ دریا عبور کر گئے اور چھمب اور منور پر پاکستان کا پرچم لہرا دیا۔ دشمن اس حملہ کی تاب نہ لا کر صحیح سالم ٹینک اور بہت سی گاڑیاں بھی چھوڑ گیا۔

10 دسمبر کو جو ہیلی کاپٹر جنرل جنجوعہ کو اگلے مورچوں کی طرف لے جا رہا تھا اسے ناخوشگوار حادثہ پیش آ گیا اور پاکستان کا یہ مایہ ناز جنرل، ہسپتال جاتے ہوئے دم توڑ گیا۔ آپ کے آخری الفاظ جبکہ آپ کو ہسپتال لے جایا جا رہا تھا۔ آپ نے کہا:

''میں کتنا خوش نصیب ہوں کہ مجھے شہادت کا رتبہ مل گیا'' اور آپ کی خدمات کے اعتراف میں چھمب کا نام ''افتخار آباد'' رکھا گیا اور کھاریاں چھاؤنی میں بھی ایک کالج آپ کے نام سے معنون ہے''۔

(پاکستان کا المیہ 1971ء ص 282 تا 308۔ ماہنامہ خالد ربوہ اگست 1997ء)

ان کے علاوہ بھی اور بہت سے احمدی جوان اور افسران ہیں جنہوں نے ہر مشکل وقت میں دیگر افسران اور جوانوں کے قدم بہ قدم نہ صرف ساتھ دیا بلکہ بعض ایسی مثالیں چھوڑیں جو تاریخ کا حصہ بن گئیں۔

فخر پاکستان

حضرت مسیح موعود اپنی ایک پیشگوئی کا ذکر کرتے ہوئے فرماتے ہیں کہ:

''......خدا نے مجھے بار بار خبر دی ہے کہ وہ مجھے بہت عظمت دے گا اور میری محبت دلوں میں بٹھائے گا......اور میرے فرقہ کے لوگ اس قدر علم اور معرفت میں کمال حاصل کریں گے کہ اپنی سچائی کے نور اور اپنے دلائل اور نشانوں کے رُو سے سب کا منہ بند کر دیں گے......سوائے سننے والو! ان باتوں کو یاد رکھو اور ان پیش خبریوں کو اپنے صندوقوں میں محفوظ کر لو کہ یہ خدا کا کلام ہے جو ایک دن پورا ہو گا''۔ (تجلیات الٰہیہ ص 18,17)

یہ پیشگوئی اس طرح پوری ہوئی کہ اللہ تعالیٰ نے جماعت احمدیہ کو ایسے قابل فرزند عطا کئے۔ جنہوں نے پوری دنیا کو فائدہ پہنچایا اور پہنچا رہے ہیں۔ خصوصاً پاکستان میں اللہ تعالیٰ نے ایسے قابل فرزند عطا فرمائے جن پر پاکستان کو فخر ہے۔

ان میں حضرت چوہدری محمد ظفراللہ خان صاحب (پاکستان کے پہلے وزیر خارجہ اور عالمی عدالت کے صدر)، نوبیل انعام یافتہ پروفیسر عبدالسلام صاحب اور محترم صاحبزادہ مرزا مظفر احمد صاحب کے علاوہ اور بہت سے احباب جماعت ایسے ہیں جن پر پاکستان کو فخر ہے اور جنہوں نے اپنی زندگیاں وطن عزیز کی خدمت میں گزار دیں اور مختلف شعبوں میں نام روشن کیا۔ خاکسار دو چوٹی کے احباب کا بالخصوص ذکر کرنا چاہتا ہے۔

پاکستان کے پہلے وزیر خارجہ

تحریک پاکستان کی طویل اور کٹھن جدوجہد کا انعام اللہ تعالیٰ نے پاکستان کی صورت میں دیا۔ اس

ملک کے پہلے وزیر خارجہ سر محمد ظفر اللہ خان صاحب نے اپنی تمام زندگی خدمت وطن میں گزاری دی۔ آپ کی ان خدمات میں سے خاکسار دو اہم سعادتوں کا ذکر کرنا چاہتا ہے۔

باؤنڈری کمیشن

پنجاب اور بنگال کی تقسیم کے لئے ایک حد بندی کمیشن کے تقرر کا اعلان کیا گیا۔ اس کمیشن میں مسلمانوں کی طرف سے نمائندگی سر محمد ظفر اللہ خان صاحب نے کی۔ نہایت مختصر وقت کیس کی تیاری کا آپ کو ملا۔ لیکن آپ نے اپنی اس ذمہ داری کو بڑے احسن طریقہ سے نبھایا۔ جناب حمید نظامی کہتے ہیں کہ:

’’...... اس حساب سے کوئی چار دن سر محمد ظفر اللہ خان صاحب نے مسلمانوں کی طرف سے نہایت مدلل، نہایت فاضلانہ اور نہایت معقول بحث کی، کامیابی بخشنا خدا کے ہاتھ میں ہے مگر جس خوبی اور قابلیت کے ساتھ سر محمد ظفر اللہ خان صاحب نے مسلمانوں کا کیس پیش کیا۔ اس سے مسلمانوں کو اتنا اطمینان ضرور ہو گیا کہ ان کی طرف سے حق و انصاف کی بات نہایت مناسب اور احسن طریقہ سے ارباب اختیار تک پہنچا دی گئی ہے۔ سر ظفر اللہ خان صاحب کو کیس کی تیاری کے لئے بہت کم وقت ملا۔ مگر اپنے خلوص اور قابلیت کے باعث انہوں نے اپنا فرض بڑی خوبی کے ساتھ ادا کیا۔ ہمیں یقین ہے کہ پنجاب کے سارے مسلمان بلا لحاظ عقیدہ ان کے اس کام کے معترف اور شکر گزار ہوں گے۔

(اخبار نوائے وقت لاہور یکم اگست 1947ء)

مسئلہ کشمیر

لگتا تھا دیکھنے میں جو انسان کم سخن
جب بولنے پہ آیا زمانے پہ چھا گیا

کشمیر کا مسئلہ جب اقوام متحدہ میں پہنچا تو سر محمد ظفر اللہ خان صاحب نے اپنے خطاب میں دلائل سے ثابت کیا کہ کشمیر پر بھارت کا قبضہ غاصبانہ ہے۔ آپ نے ساڑھے پانچ گھنٹے کی تاریخی تقریر میں عالمی دنیا کو کشمیر کا اصل مسئلہ دکھایا۔ چنانچہ آپ ہی کی کوششوں سے اقوام متحدہ نے دو قرار دادیں پاس کیں۔

اول: کہ مسئلہ کا حل بات چیت میں ہے۔

دوم: کشمیریوں کو استصواب رائے کا حق دیا جائے۔

پاکستان کے پہلے نوبیل

انعام یافتہ

پروفیسر ڈاکٹر عبدالسلام پاکستان کے پہلے نوبیل انعام حاصل کرنے والے شخص ہیں۔ آپ نے اپنی قابلیت اور ذہانت اپنے وطن پاکستان کے لئے وقف کر دی تھی۔

یہاں یہ بات بھی خاص طور پر قابل ذکر ہے کہ نوبیل انعام کی تقریب میں شامل ہونے والوں کے لئے ضروری ہے کہ وہ خاص قسم کا لباس پہنیں جسے سول ڈریس کہا جاتا ہے۔ مگر ڈاکٹر صاحب پاکستان کے قومی لباس، پگڑی، شیروانی، شلوار اور کھسہ پہن کر اس تقریب میں شامل ہوئے اور آپ اس لباس میں تمام حاضرین میں سب سے نمایاں تھے۔ آپ نے تقریب سے پہلے ہی منتظمین کو اطلاع دے دی تھی کہ وہ اپنا قومی لباس پہن کر تقریب میں شامل ہوں گے۔

آپ قدم قدم پر حکومت پاکستان کو اپنے مفید مشوروں سے ہمیشہ ہی نوازتے رہے۔ اس کے علاوہ آپ نے اس جانب بھی خصوصی توجہ دلائی کہ اگر دنیا کی دیگر ترقی یافتہ اقوام کا مقابلہ کرنا ہے تو اس کے لئے صرف سائنس اور ٹیکنالوجی کو ترقی دینا ہوگا۔ الغرض ڈاکٹر صاحب کی ساری زندگی اسی عزم میں گزری کہ کسی طرح زیادہ سے زیادہ اپنے وطن کی خدمت کی جائے۔ محترم ڈاکٹر منیر احمد صاحب سابق چیئرمین پاکستان اٹامک انرجی کمیشن کہتے ہیں کہ:

پروفیسر عبدالسلام نے پاکستان میں سائنس کی ترقی کے لئے ناقابل فراموش خدمات سرانجام دیں اور چودہ سال تک PAEC (پاکستان اٹامک انرجی کمیشن) کے رکن رہے۔ 1960ء کی دہائی میں مجھے ڈاکٹر عبدالسلام کے ساتھ نیوکلیئر فیول پروسیسنگ کے قیام کے لئے تجاویز تیار کرنے کا موقعہ ملا۔ ایوب خان نے معاشی بنیاد پر اس منصوبے کو ترک کر دیا۔ اس طرح تیس برس قبل پاکستان نے اس اہم ترین ٹیکنالوجی کو حاصل کرنے کا موقع گنوا دیا جب وہ انتہائی سستی قیمت پر بلا روک ٹوک حاصل ہو سکتی تھی۔

(روزنامہ آجکل 30؍اکتوبر 1994ء)

ڈاکٹر عبدالغنی صاحب آپ کی خدمات کے بارے میں فرماتے ہیں کہ:

